General Science - 9th Class General Science Urdu Medium Chapter 4 Preparation

Q1. وٹامن اے کی کمی کے اثرات بیان کریں.

Ans 1: وٹامن اے کی کمی سے ایک بیماری جسے نائٹ بلائنڈینس کہتے ہیں ہوجاتی ہے. اس مرض میں مبتلا انسان کو رات کے وقت دکھائی نہیں دیتا . اس کی کمی بچوں کی نشونما پر منفی اثرات مرتب کرتی ہے. اس کی کمی سے جلد اور دانتوں کی بیماری بھی لاحق ہوسکتی ہے.

Q2. چربی میں حل پذیر وٹامنز کے نام لکھیں.

Ans 1: وٹامن K. وٹامن E 4. چربی میں حل ہونے والے وٹامنز کے نام درج ذیل ہیں. 1. وٹامن اے 2. وٹامن ڈی 3. وٹامن

Q3. بلڈنگ بلاکس سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: بلڈنگ بلاکس سے مراد ایسی اکائیاں یعنی یونٹس ہیں جو ساخت یعنی سٹرکچر بناتی ہیں. مثلاً امائینو ایسڈ کو پروٹین کے بلڈنگ بلاکس کہتے ہیں کیونکہ پروٹین کی تعمیر میں مرکزی کردار ادا کرتے ہیں.

Q4. ورزش کے دو فوائد تحریر کریں.

Ans 1: ورزش جسم کی لچک کو برقرار رکھتی ہے اور اس لچک کی وجہ سے پٹھے اور جوڑ کچھاؤ سے محفوظ رہتے ہیں. جب پٹھے مضبوط ہوں تو انسان زیادہ زور والے کام سرانجام دے سکتا ہے.

Q5. وٹامنز کو کن دو بڑے گروہوں میں تقسیم کیا جاتا ہے.

Ans 1: وٹامنز کو دو بڑے گروہوں میں تقسیم کیا جاتا ہے. 1. پانی میں حل پزیر وٹامنز 2. چربی میں حل پذیر وٹامنز.

Q6. وٹامن بی کا جسم میں کردار لکھیے.

Ans 1: وٹامن بی کی قسم وٹامن B 1 کی جسم میں مناسب مقدار نہ ہونے سے عضلات کی کمزوری کی بیماری پیدا ہوجاتی ہے. جو بیری بیری کہلاتی ہے B 2 کی کمی باضمے اور نروس سسٹم کے لیے بہت ضروری ہے . بیمو گلوبن بنانے میں مدد دیتا ہے. بچوں کی نشونما متاثر ہوتی ہے B 2 سے خون کی کمی واقع ہوجاتی ہے.

Q7. فیٹس اور آئلز کیا ہیں.

Ans 1: فیٹس عام ٹمپریچر پر ٹھوس جبکہ آئلز مائع ہوتے ہیں. 2. فیٹس عموماً حیواناتی ذرائع اور آئلز پودوں سے حاصل کرتے ہیں. 3. فیٹس ، فیسٹی ایسڈز اور 1. گلیسرول کے ساتھ کیمیائی تعامل سے بنتے ہیں.

Q8. جسم میں آیوڈین کا کیا کردار ہے؟

Ans 1: آیوڈین جسم میں تھائی رائیڈ گلینڈ میں ایک ہارمون تھائی راکسن بنانے میں مدد دیتی ہے. آیوڈین کی کمی گلہڑ کی بیماری کی وجہ بنتی ہے اور جسمانی اور ذہنی نشونما رُک جاتی ہے.

Q9. وٹامن E کا جسم میں کیا کردار ہے؟

Ans 1: وٹامن E خون میں جسم کو عِضلات اور اعصاب کی بیماریوں سے بچاتا ہے. اسکے علاوہ وٹامن E بانجھ پن جیسی موزی بیماری سے بچاؤ کا بھی سبب بنتا ہے.

Q10. غزا کے بنیادی اجزاء کون کون سے ہیں؟

Ans 1: غزا کے بنیادی اجزاء درج ذیل ہیں. 1. کاربوہائڈریٹس 2. پروٹینز 3. لپڈز 4. وٹامنز 5. معدنی نمکیات 6. پانی.